ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

منتخب بلدیاتی نمائندوں کی جانب سے اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کو بلدیاتی سہولیات کی فراہمی بلاتعطل جاری ۔

چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا یوسی 11 ابوذرغفاری سیکٹر الیون ڈی میں جاری پیور بلاک کے کام کا معائنہ۔

نیو کراچی ٹاؤن میں واٹر اینڈ سیوریج کے مسائل کو حل کر کے گلیوں کو پیور بلاک سے پختہ کیا جا رہا ہے۔چیئر مین محمد یوسف

محدود وسائل میں بھی بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کا سفر جاری ہے ۔چیئر مین محمد یوسف

مورخہ: 26/ نومبر 2024ء

کراچی ( )چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا یونین کمیٹی نمبر 11 ابوذرغفاری سیکٹر الیون ڈی میں جاری پیور بلاک کے کام کا معائنہ۔اس موقع پر یوسی 11 کے چیئر مین غضنفر علی خان، وائس چیئر مین عمران شفیق،کونسلر وارا کین یونین کمیٹی اور علاقہ معززین کی بڑی تعداد موجود تھی ۔چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے گلیوں میں پیور بلاک کے کام کا معائنہ کرتے ہوئے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیکٹر 11-D کے اس وارڈ میں 43 گلیاں ہیں اور الحمداللہ آج 15 ویں گلی میں پیور بلاک کا کام جاری ہے ،جماعت اسلامی کے نمائندوں سے عوام کو اُمیدیں ہیں اور انشاءاللہ ہم ان کی اُمیدوں کو پورا کر رہے ہیں منتخب نمائندے بہتر حکمت عملی کے ساتھ نیو کراچی ٹاؤن میں موجود واٹر اینڈ سیوریج کے مسائل کو حل کر کے پیور بلاک سے گلیوں کو پختہ کیا جا رہا ہے تا کہ عوام اس سے طویل عرصے تک استفادہ حاصل کر سکیں ،چیئر مین محمد یوسف نے کہا کہ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب چند ماہ قبل یہاں آئے تھے اور یوسی 11 سیکٹر الیون ڈی کی عوام سے وعدہ کیا اور ترقیاتی کاموں کی مد میں آٹھ کروڑ روپے کا فنڈ مختص کیا گیا تھا میرا سوال ہے کہ وہ آٹھ کروڑ روپے کا فنڈ کہا گیا ۔چیئر مین نے مزید کہا کہ گزشتہ ایڈمنسٹریٹر (ٹرانزیشن) دور میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے روڈ کٹنگ کی مد میں 15 کروڑ روپے کی رقم موصول ہوئی تھی جس سے نیو کراچی ٹاؤن میں کوئی کام نہیں کیا گیا تھا بلکہ سارا پیسہ کرپشن کی نظر ہو گیا ۔جبکہ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں نے یوسی گیارہ میں 60 لاکھ روپے میں آٹھ گلیوں میں پیور بلاک کے کام مکمل کئے ہیں اور اسی سیکٹر میں میئر کراچی کی جانب سے مختص کردہ فنڈ آٹھ کروڑ روپے سے صرف 21 گلیاں ہی تعمیر کی گئیں ہیں اور باقی فنڈ کی رقم کا پتہ نہیں کہا گئی ، میں سیاسی اور غیر سیاسی لوگوں سے یہ کہوں گا کہ آپ ہماری فکر نہ کریں بلکہ اپنے دور میں کی جانے والی کرپشن کا جواب دیں ،ہمارے دور میں سوئی سدرن کی جانب سے روڈ کٹنگ کی مد میں ملنے والی رقم محفوظ ہے اور انشاءاللہ ہم اس کو سڑکوں کی مرمت اور بلدیاتی سہولیات کی فراہمی میں استعمال کر رہے ہیں یہ پیسہ عوام کی امانت ہے اور انشاءاللہ عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ہی استعمال ہوگا ۔جماعت اسلامی پہلے بھی نیک نیتی کے ساتھ عوام کی خدمت کرتی رہی ہے اور اب بھی جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے الحمداللہ خدمت کے جذبے کے ساتھ عوام کی خدمت کر رہے ہیں۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن